پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ: www.rbi.org.in
ای میل: helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات،، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی 400001
فون: 91 22 2266 0502 فیکس: 91 22 22660358

27 فروری 2019

بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 (اے اے سی ایس) کے سیکشن 35A کے تحت ہدایات
روپی کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ، پونہ، مہاراشٹر

روپی کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ، پونہ، مہاراشٹر کو 21 فروری 2013 کے آر بی آئی کے ڈائریکٹیو کے ذریعہ 22 فروری 2013 کو کام کے اوقات کے بعد سے ہدایات (پابندیوں) کے تحت رکھا گیا تھا ان ہدایات کی ویلیڈٹی کو وقتاً فوقتاً اگلے ڈائریکٹیوز کے ذریعہ بڑھایا جاتا رہا۔ آخر میں 27 نومبر 2018 کے ڈائریکٹیو کے ذریعہ نظر ثانی کی شرط کے ساتھ اس کی ویلیڈٹی میں 28 فروری 2019 تک توسیع کی گئی تھی۔

اب عوام کی جانکاری کے لئے یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ ریزرو بینک نے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 35A کے سب سیکشن (I) جس کو سیکشن 56 کے ساتھ ملاکر پڑھا جائے، کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے اس بینک کے لئے جاری 21 فروری، 2013 کے ڈائریکٹیو جس میں وقتاً فوقتاً ترمیمات کی جاتی رہی ہیں اور اس کی ویلیڈٹی میں آخری بار 28 فروری 2019 تک توسیع کی گئی تھی، کے سلسلہ میں یہ حکم دیا ہے کہ اس ویلیڈٹی کو مزید 3 ماہ کے لئے یکم مارچ 2019 سے 31 مئی 2019 تک بڑھایا جاتا ہے اور ان ہدایات پر اس وقت تک عمل جاری رہے گا۔ یہ حکم 26 فروری 2019 کے ڈائریکٹیو کے ذریعہ جاری کیا گیا ہے۔ اور یہ نظر ثانی کی شرط کے ساتھ جاری رہے گا۔ اس ڈائریکٹیو کی دیگر شرائط ویسے ہی رہیں گی ان میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔

اس ڈائریکٹیو کی ایک کاپی جس میں توسیع کے بارے میں بتایا گیا ہے عوام کی جانکاری کے لئے بینک کے احاطہ میں مظاہرہ کے لئے رکھ دی جائے۔

ریزرو بینک آف انڈیا کے ذریعہ مندرجہ بالا توسیع و ترمیمات کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ ریزرو بینک اس بینک کی مالی حالت میں سدھار سے مطمئن ہے۔

اجیت پرساد
اسسٹنٹ ایڈوائزر

پریس ریلیز: 2047/2018-2019